

نوٹس

# 15

# مالیاتی گوشوارے (تطابق کے ساتھ)

آپ نے پچھلے سبق میں سیکھا کہ کس طرح تجارتی A\c، نفع ونقصان کھاتہ اور بیلنس شیٹ تیار کیے جاتے ہیں۔

یہ مالیاتی گوشوارے ایک دیئے گئے ٹرائل بیلنس کی مدد سے تیار کیے جاتے ہیں۔ یہ ممکن ہے کہ ٹرائل بیلنس میں دئے گئے اخراجات اس حسابی سال کے لیے کل اخراجات نہ ہوں جس کے لیے ٹرائل بیلنس تیار کیا گیا ہے۔

اسی طرح ٹرائل بیلنس میں دیئے گئے اخراجات کا ایک حصہ مستقبل سے متعلق ہو۔

اگر مالیاتی گوشوارے ایسے ٹرائل بیلنس کی مدد سے تیار کیے جاتے ہیں تو وہ کاروبار کی صحیح تصویر نہیں پیش کریں گے۔ آمدنی گوشوارہ صحیح خالص منافع یا خالص نقصان نہیں دکھائیگا اسی طرح بیلنس شیٹ کاروبار کی صحیح مالیاتی تصویر نہیں پیش کریگا۔

لہذا مالیاتی گوشوارہ تیار کرنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ اخراجات کی وہ مدیں دریافت کی جائیں جو رواں سال سے متعلق ہوں لیکن ادائیگی نہ کی ہو۔

اس طرح یہ ضروری ہے کہ اخراجات کی وہ مدیں دریافت کی جائیں جو مستقبل کے سال سے متعلق ہوں لیکن رواں سال کے دوران ادا کی گئی ہوں یا وصول کی گئی ہوں۔

اس لیے یہ ضروری ہوجاتا ہے کہ اخراجات اور آمدنی کی بعض مدوں کے لحاظ سے کچھ تطابق کیا جائے۔ انہیں حسابی تطابق کہا جاتا ہے۔

## مقاصد

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ:

- حسابی تطبیق کی ضرورت سمجھ سکیں گے؛



نوٹس

- اختتامی اسٹاک، بقایہ اخراجات، پہلے سے ادا اخراجات اور قائم اثاثوں پر فرسودگی سے متعلق تطابق سمجھ سکیں گے؛
- درج بالا تطابق سے متعلق تطبیقی اندراجات کی وضاحت کر سکیں گے؛ اور
- تجارتی A\c، نفع ونقصان کھاتہ اور بیلنس شیٹ میں تطابق کے حسابی طریقے کو سمجھ سکیں گے۔

## 15.1 حسابی تطبیق کی ضرورت

حسابی تطبیق کی ضرورت درج ذیل مقاصد کی بنا پر ہوتی ہے:

(i) ایک حسابی سال کے لیے کاروبار کے صحیح خالص نفع یا خالص نقصان کو جاننا۔

(ii) کاروبار کی صحیح مالی حیثیت جاننا

(iii) ان اخراجات کو درج کرنا جو واجب ہوتے ہیں لیکن ان کی ادائیگی نہیں ہوئی ہوتی۔

(iv) ان اخراجات کو درج کرنا جو مستقبل کے سالوں کے لیے پیشگی میں ادا کیے گئے ہوں

(v) قائم اثاثوں پر فرسودگی فراہم کرنا

## 15.2 تطابق کی اقسام

ہر کاروبار کے لحاظ سے تطابق کی تعداد اور نوعیت مختلف ہوتی ہے۔ اس سبق میں درج ذیل عام تطابق کا مطالعہ کریں گے۔

(i) افتتاحی اسٹاک

(ii) اختتامی اسٹاک

(iii) پیشگی ادا شدہ اخراجات

(iv) قائم اثاثوں کی فرسودگی

آیئے ہم مالیاتی گوشواروں میں تطابق کی درج بالا مدوں اور ان کی حسابی ترکیب پر بات کریں۔

### (i) اختتامی اسٹاک

اختتامی اسٹاک کی اشیا کا وہ ذخیرہ ہے جو حسابی سال کے آخر تک غیر فروخت شدہ ہوتا ہے عموماً اس مد کو





ٹرائل بیلنس میں نہیں دکھایا جاتا۔ اسے اضافی معلومات کے طور پر ٹرائل بیلنس کے باہر ظاہر کیا جاتا ہے۔
مثال کے لیے مسٹر X کی یہاں 31.3.2012 کو اختتامی قدر 30,000 روپے دکھاتی ہیں۔

مسٹر X کے مالیاتی گوشواروں میں اختتامی اسٹاک کی حسابی ترکیب درج ذیل ہوگی۔

(a درج ذیل تطبیقی اندراج سال کے آخر میں کیا جائیگا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 31.3.2012 | اختتامی اسٹاک A\c | Dr. | 30,000 | |
| | To ٹریڈنگ A\c | | | 30,000 |
| | (تجارتی A\c میں منتقل اختتامی اسٹاک کے لیے) | | | |

.b 31.3.2012 کو ختم سال کے لیے مسٹر X کا تجارتی A\c

**Dr.** **Cr.**

| تفصیلات | روپے رقم | تفصیلات | روپے رقم |
|---|---|---|---|
| | | By اختتامی اسٹاک | 30,000 |

(c

## مسٹر X کی بیلنس شیٹ
## بمطابق 31.3.2012

| واجبات | روپے رقم | اثاثہ جات | روپے رقم |
|---|---|---|---|
| | | اختتامی اسٹاک | 30,000 |

**نوٹ:** اگر اختتامی اسٹاک ٹرائل بیلنس میں دیا گیا ہے تو درج بالا تطبیقی اندراج نہیں کیا جائیگا اور اختتامی اسٹاک کی تجارتی کھاتے کے کریڈٹ جانب نہیں دکھایا جائیگا۔ اختتامی اسٹاک صرف بیلنس شیٹ کے اثاثہ کی جانب دکھایا جائیگا۔

### (ii بقایا اخراجات

وہ اخراجات جو رواں سال سے متعلق ہے لیکن حسابی سال کے آخر تک ادا نہیں کیا گیا ہے تو اسے بقایا اخراجات کے طور پر جانا جاتا ہے، جیسے رواں سال کے لیے فیکٹری کرایہ، اجرت، تنخواہ، آفس کرایہ، ٹیلی



نوٹس

فون چارجز وغیرہ حسابی سال کے آخر تک نہیں ادا کیا گیا ہے، مثال کے لیے مسٹر X کے کھاتوں کی بہیاں دکھاتی ہیں کہ سال 12-2011 کے دوران 45,000 روپے کی اجرتیں ادا کی گئی۔ سال 12-2011 کے لیے بقایہ اجرتیں 5,000 روپے تھیں،۔

مسٹر X کی بہیوں میں بقایا اجرتوں کی حسابی ترکیب اس طرح ہوگی۔

(a تطابق اندراج ہوگا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 31.3.2012 | اجرت A\c Dr.<br>(سال 12-2011<br>بقایا اجرت کے لیے) | 5,000 | 5,000 |

(b) **مسٹر X کا تجارتی A\c**

**31.3.2012 کو ختم سال کے لیے**

**Dr.** **Cr.**

| تفصیلات | روپے رقم | تفصیلات | روپے رقم |
|---|---|---|---|
| اجرتیں: 45,000<br>بقایا اجرتیں 5,000+ | 50,000 | | |

(c) **Mr X کی بیلنس شیٹ**

**بمطابق 31.3.2012**

| واجبات | رقم روپے | اثاثہ جات | روپے رقم |
|---|---|---|---|
| بقایا اجرتیں | 5,000 | | |

آیئے ہم بقایا تنخواہ سے متعلق ایک اور مثالیں جو خالص نفع پر اثر انداز ہوتی ہے۔

مثال: مسٹر X کے کھاتے کی بہیوں میں درج ذیل دکھایا گیا ہے۔



نوٹس

سال 12-2011 کے تنخواہیں سال کے دوران پہلے ہی ادا کی گئی تھیں۔ 12-2011 کے لیے 10,000 تنخواہیں واجب تھیں لیکن 31.3.12 تک ادا نہیں کی گئی تھیں۔ مسٹر X کی بہیوں میں حسابی ترکیب اس طرح تھی۔

(a تطبیقی اندراج اس طرح ہوگا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 31.3.2012 | تنخواہ A\c Dr.<br>بقایا تنخواہ A\c<br>(سال 12-2011 کے لیے بقایا تنخواہ | 10,000 | | 10,000 |

(b
## مسٹر X کے لیے نفع ونقصان کھاتہ
## 31.3.2012 کو ختم سال کے لیے

| تفصیلات | روپے رقم | تفصیلات | روپے رقم |
|---|---|---|---|
| To تنخواہیں :1,00,000<br>بقایا تنخواہیں + 10,000 | 1,10,000 | | |

(c
## بیلنس شیٹ
## بمطابق 31.3.2012

| واجبات | روپے رقم | اثاثہ جات | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| بقایا تنخواہیں | 10,000 | | |

### متن پر مبنی سوالات 15.1

**اپنے جواب کے لیے صحیح اصطلاح بتائیے:**

i. سال کے آخر میں اسٹاک غیر فروخت رہتا ہے۔

ii. شے یا خدمات کے لیے رقم نہیں ادا کی گئی جس سے استفادہ پہلے ہی سے کرلیا گیا تھا۔

iii. غیر فروخت اشیا کی قدر اضافی معلومات کے طور پر ٹرائل بیلنس کے باہر دکھائی جاتی ہے۔





.iv ٹرائل بیلنس کے باہر دکھائے گئے لین دین کو آخری کھاتوں کو تیار کرنے سے پہلے شامل کیا جانا ہوتا ہے۔

### (iii پہلے ادا شدہ اخراجات

کبھی کبھی ٹرائل بیلنس میں دیے گئے اخراجات کا ایک حصہ مستقبل کے سال سے متعلق ہوسکتا ہے۔ اخراجات کے اس حصے کو قبل اداشدہ اخراجات یا پیشگی میں ادا شدہ اخراجات کے طور پر جانا جاتا ہے۔ جیسے رواں سال کے دوران تنخواہوں کا ایک حصہ اگلے حسابی سال سے متعلق ہوسکتا ہے۔اسی طرح فیکٹری کرایہ، اجرت، آفس کرایہ، بیمہ قسط، ٹیکس وغیرہ بعض معاملوں میں پیشگی اداشدہ ہوسکتے ہیں۔ مثال کے لیے مسٹر X کے کھاتوں کی بہیوں میں درج ذیل دکھایا گیا ہے۔

سال 2011-2012 کے حسابی سال کے دوران کل 2,00,000 روپے تنخواہیں ادا کی گئیں جس میں 25,000 روپے اگلے حسابی سال یعنی 2012-13 سے متعلق ہے۔مسٹر X کی بہیاں میں پیشگی اداشدہ تنخواہیں اس طرح ہونگی:

(a) پیشگی اداشدہ تنخواہوں کے تطبیقی اندراج درج ذیل ہوگا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 31.03.12 | پیشگی اداشدہ A\c Dr.<br>To تنخواہیں A\c<br>(اگلے سال 2012.13 کے لیے پیشگی میں اداشدہ تنخواہوں کے لیے | 25,000 | 25,000 |

(b) مسٹر X کے لیے نفع ونقصان کھاتہ
31.3.2012 کو ختم سال کے لیے

| تفصیلات | روپے رقم | تفصیلات | روپے رقم |
|---|---|---|---|
| To تنخواہیں :200,000<br>(-) پیشگی تنخواہیں :25,000 | 1,75,000 | | |



نوٹس

(c)

## مسٹر X کی بیلنس شیٹ
### بمطابق 31.3.2012

| واجبات | روپے رقم | اثاثہ جات | روپے رقم |
|---|---|---|---|
| | | پیشگی ادا تنخواہیں | 25,000 |

### iv) قائم اثاثوں پر فرسودگی

قائم اثاثوں جیسے پلانٹ و مشینری، عمارت، فرنیچر، کمپیوٹر، موٹر گاڑیوں وغیرہ کی قدر ان کے استعمال، ان کی گھسائی ہر سال گھٹتی جاتی ہے۔ اثاثوں کی قدر میں اس کمی کو فرسودگی کیا جاتا ہے۔

فرسودگی کاروبار کے کسی دیگر اخراجات کی طرح ایک خرچ ہے۔

مختلف اثاثوں پر فرسودگی نفع و نقصان کھاتہ کے ڈیبٹ جانب دکھایا جاتا ہے۔

قائم اثاثے پر فرسودگی رقم بیلنس شیٹ کے اثاثے کی جانب متعلقہ اثاثے سے کم کی جاتی ہے۔

مثال کے لیے مسٹر X کے کھاتوں کے بہیوں میں درج ذیل دکھایا جاتا ہے۔

31.3.2012 کے مطابق پلانٹ مشینری کی قدر 5,00,000 روپے ہے اور 31.3.2012 کو فرنیچر کی قدر 50,000 ہے۔ ان اثاثوں پر فرسودگی 10% @ سالانہ لگایا جاتا ہے۔ مسٹر X کے مالیاتی گوشوارے میں فرسودگی کی حسابی ترکیب درج ذیل ہوگی۔

(a فرسودگی لگانے کے لیے اندراج درج ذیل ہوگا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 31.3.2012 | فرسودگی A\c | Dr. | 55,000 | |
| | To پلانٹ و مشینری کھاتہ | | | 50,000 |
| | To فرنیچر کھاتہ | | | 50,000 |
| | (ایک سال کے لیے 10% @ پلانٹ و مشینری اور فرنیچر پر لگائی گئی فرسودگی کے لیے | | | |



نوٹس

(b)

### مسٹر X کے لیے نفع ونقصان A\c
### 31.3.2012 کو ختم سال کے لیے

Dr. | Cr.

| تفصیلات | رقم (روپے) | تفصیلات | روپے رقم |
|---|---|---|---|
| پلانٹ ومشینری | 50,000 | | |
| فرنیچر پر فرسودگی | 50,000 | | |

(c)

### مسٹر X کی بیلنس شیٹ
### بمطابق 31.3.2012

| واجبات | رقم (روپے) | اثاثہ جات | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| | | پلانٹ ومشینری 5,00,000 | |
| | | (-) فرسودگی 50,000 | |
| | | فرنیچر 50,000 | 4,50,000 |
| | | (-) فرسودگی 5,000 | 45,000 |

## متن پر مبنی سوالات 15.2

'A' | 'B'

i. اختتامی اسٹاک — (a) اثاثہ جات کی قدر سے کمی

ii. بقایا اخراجات — (b) وہ اخراجات جو واجب نہیں ہوا لیکن زیرِ غور حسابی سال کے دوران ادا کیا

iii. فرسودگی — (c) وہ اخراجات جو واجب ہو گیا ایک متعلقہ حسابی سال میں ادا نہیں کیا گیا

iv. پیشگی ادا شدہ اخراجات — (d) وہ





## مثال-1

مسرز کوشل ٹریڈرس کے درج ذیل ٹرائل بیلنس سے 31مارچ2012 کوختم سال کے لیے تجارتی اور نفع ونقصان کھاتہ اوراسی تاریخ کوایک بیلنس شیٹ تیار کیجیے:

| روپے | بیلنس Cr. | روپے | بیلنس Dr. |
|---|---|---|---|
| 80,000 | پونجی | 16,000 | یکم اپریل 2011 کوافتتاحی اسٹاک |
| 300,000 | فروخت | 75,000 | خریداریاں |
| 2,000 | خرید واپسی | 5,000 | فروخت واپسی |
| 500 | ڈسکاؤنٹ | 1,500 | باربرداری داخلی |
| 10,000 | متفرق لین دار | 40,000 | پلانٹ اورمشینری |
| 1,500 | واجب الادا بل | 5,000 | فرنیچراورفکچر |
| | | 45,650 | فری ہولڈ جائیداد |
| | | 5,000 | نقدموجود |
| | | 400 | باربرداری بیرونی |
| | | 30,000 | اجرتیں |
| | | 18,000 | تنخواہیں |
| | | 800 | لائٹنگ (فیکٹری) |
| | | 28,000 | متفرق دین دار |
| | | 1,200 | سفراخراجات |
| | | 4,800 | کرایہ اورٹیکس |
| | | 5,000 | حصولی (ڈرائنگس) |
| | | 450 | بیمہ |
| | | 13200 | عام اخراجات |
| **2,94,000** | | **2,94,000** | |



نوٹس

**تطابق:**

i. 31 مارچ 2012 کو اسٹاک کی قدر 38,000 روپے (بازار قدر 20,000 روپے) تھی

ii. 2,000 روپے کی اجرتیں اور تنخواہیں 1,500 روپے بقایا تھی۔

iii. پیشگی اداشدہ بیمہ 150 روپے کا تھا۔

iv. 5% کی شرح پر پلانٹ اور مشینری اور 10% کی شرح پر فرنیچر اور فکچر پر 10% پر فرسودگی فراہمی

**حل:**

### تجارتی اور نفع ونقصان کھاتہ
### 31 مارچ کو ختم سال کے لیے

Dr. Cr.

| تفصیلات | رقم روپے | تفصیلات | روپے رقم |
|---|---|---|---|
| To افتتاحی اسٹاک | 16,000 | By فروخت 2,00,000 | |
| To خریداریاں 75,000 | | کم کریں: فروخت واپسی 5,000 | 1,95,000 |
| کم کریں واپسی 2,000 | 73,000 | By اختتامی اسٹاک | 20,000 |
| To داخلی باربرداری | 1,500 | | |
| To اجرتیں 30,000 | | | |
| جمع کریں بقایا اجرتیں 2,000 | 32,000 | | |
| To فیکٹری لائٹنگ | 800 | | |
| To مجموعی نفع c\d | 91,700 | | |
| | **2,15,000** | | **2,15,000** |
| To باربرداری | 500 | By مجموعی نفع b\d | 91,700 |
| To تنخواہیں 18,000 | | By ڈسکاؤنٹ | 500 |
| جمع کریں: بقایہ تنخواہیں 1,500 | 19,500 | | |
| To سفر اخراجات | 1,200 | | |
| To کرایہ اور ٹیکس | 4,800 | | |
| To بیمہ 450 | | | |



نوٹس

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کم کریں: پیشگی اداشدہ بیمہ | 150 | 300 | | |
| To عام اخراجات | | 12,200 | | |
| To فرسودگی | | | | |
| پلانٹ اور مشینری | 2,000 | | | |
| فرنیچر اور فکچر | 500 | 2,500 | | |
| To خالص منافع منتقل کیا گیا | | | | |
| پونجی کھاتے کو | | 51,500 | | |
| | | **92,200** | | **92,200** |

## بیلنس شیٹ

### بمطابق 31 مارچ 2012

| واجبات | | رقم روپے | اثاثہ جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| واجب الادا بل | | 1,500 | نقد موجود | | 5,000 |
| متفرق لین دار | | 10,000 | متفرق دین دار | | 28,000 |
| بقایہ اجرتیں | | 2,000 | اختتامی اسٹاک | | 20,000 |
| بقایہ تنخواہیں | | 1,500 | پیشگی اداشدہ بیمہ | | 150 |
| پونجی | 80,000 | | فرنیچر اور فکچر | 5,000 | |
| جمع کریں: خالص نفع | 51,300 | | کم کریں: فرسودگی | 500 | 4,500 |
| کم کریں: حصولی | 1,31,000 | | کم کریں: فرسودگی | 40,000 | 38,000 |
| | 5,000 | | | 2,000 | |
| | | 1,26,300 | فری ہولڈ جائیداد | | 45,650 |
| | | **1,41,300** | | | **1,41,300** |

**نوٹ:** ان اختتامی اسٹاک کی لاگت قیمت یا بازار قیمت جو بھی کم ہو لگائی جاتی ہے۔



نوٹس

**مثال-2**

31دسمبر 2012 کومیسرز گپتا فرنیچر کے درج ذیل ٹرائل بیلنس سے آپ کو31دسمبر 2012 کوختم سال کے لیے تجارتی اور نفع ونقصان A\c اور ضروری تطابق کے بعد اس تاریخ کو بیلنس شیٹ تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ 31.12.2012 کومیسرز گپتا فرنیچر کا ٹرائل بیلنس۔

| تفصیلات | Dr. روپے | Cr. روپے |
|---|---|---|
| میسرز گپتا کا پونجی A\c | | 80,000 |
| نقد موجود | 540 | |
| خرید کھاتہ | 2,630 | |
| فروخت A\c | 43,120 | |
| اجرت کھاتہ | | 78,100 |
| ایندھن اور بجلی کھاتہ | 10,480 | |
| فروخت A\c پر باربرداری | 4,730 | |
| خرید A\c پر باربرداری | 3,200 | |
| اسٹاک (1-1-2012 کو) | 2,040 | |
| زمین وعمارت کا | 5,760 | |
| مشینری کھاتہ | 40,000 | |
| تنخواہ A\c | 20,000 | |
| بیمہ A\c | 15,000 | |
| متفرق دین دار A\c | 600 | |
| متفرق لین داری | 20,000 | 10,000 |
| | **1,68,100** | **1,68,100** |



نوٹس



درج ذیل تطابق پر غور کرتے ہوئے ضروری جرنل اندراجات کیجیے اور حتمی کھاتے تیار کیجیے۔

i. 31.12.2012 کو موجود اسٹاک 5,000 روپے ہے۔

ii. مشینری پر فرسودگی 10% @ سالانہ کی جاتی ہے۔

iii. ماہ دسمبر کے لیے بقایہ تنخواہ 3,000 روپے ہے۔

iv. 9 مہینے کے لے پیشگی اداشدہ بیمہ

## حل

| 2012 | تطبیقی اندراجات | (روپے) | (روپے) |
|---|---|---|---|
| 31 دسمبر | اختتامی اسٹاک A\c Dr. | 5,000 | |
| | To تجارتی کھاتہ | | 5,000 |
| | (اختتامی اسٹاک کے بلحاظ) | | |
| 31 دسمبر | فرسودگی A\c Dr. | 2,000 | |
| | To مشینری | | 2,000 |
| | (مشینری پر 10% کی شرح سے فرسودگی لگائی گئی) | | |
| 31 دسمبر | تنخواہ A\c Dr. | 3,500 | |
| | To بقایا تنخواہیں | | 3,500 |
| | (بقایا تنخواہیں) | | |
| 31 دسمبر | پیشگی اداشدہ بیمہ A\c Dr. | 150 | |
| | To بیمہ کھاتہ | | 150 |
| | (پیشگی اداشدہ بیمہ کے بلحاظ) | | |



نوٹس

## میسرز گپتا فرنیچر کا تجارتی کھاتہ
## 31 دسمبر 2012 کو ختم سال کے لیے

Dr. Cr.

| تفصیلات | روپے رقم | تفصیلات | روپے رقم |
|---|---|---|---|
| To (1-1-12) اسٹاک | 5,760 | By سیلز | 78,100 |
| To خریداریاں | 43,120 | By (31.12.12) اسٹاک | 5,000 |
| To اجرتیں | 10,480 | | |
| To ایندھن اور بجلی | 4,730 | | |
| To خریداری پر باربرداری | 2,040 | | |
| To مجموعی نفع جو نفع ونقصان کھاتہ میں منتقل ہوا | 16,970 | | |
| | **83,100** | | **83,100** |

## نفع ونقصان کھاتہ
## 31 دسمبر 2012 کو ختم سال کے لیے

| تفصیلات | | رقم روپے | تفصیلات | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| To فروخت پر باربرداری | | 3,200 | By b\d مجموعی نفع | 16,970 |
| To تنخواہیں | 15,000 | | By خالص نقصان جو مسٹر گپتا کے پونجی A\c میں منتقل ہو | 7,180 |
| جمع کریں بقایا | 3,500 | 18,500 | | |
| To بیمہ | 600 | | | |
| کم کریں: پیشگی اداشدہ | 150 | 450 | | |
| To مشینری پر فرسودگی | | 2,000 | | |
| | | **24,150** | | **24,150** |



نوٹس

## میسرز گپتا فرنیچر کی بیلنس شیٹ
### بمطابق 31 دسمبر 2012

| رقم (روپے) | اثاثہ جات | روپے رقم | واجبات |
|---|---|---|---|
| 540 | نقد موجود | 10,000 | متفرق لین داران |
| 2,630 | نقد بینک میں | 3,500 | بقایا تنخواہیں |
| 20,000 | متفرق دینداران | | مسٹر گپتا کا پونجی کھاتہ 80,000 |
| 5,000 | اختتامی اسٹاک | 72,820 | کم کریں: خالص نقصان 7,180 |
| 150 | پیشگی اداشدہ | | |
| 40,000 | زمین وعمارت | | |
| | مشینری A\c 20,000 | | |
| 18,000 | کم کریں: فرسودگی 2,000 | | |
| **86,320** | | **86,320** | |

## متن پر مبنی سوالات 15.3

I. بتایئے کہ درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط

i. تطابق پر غور کیے گئے بغیر جو مالیاتی گوشواری تیار کیے جاتے ہیں وہ کاروبار کی درست مالیاتی حیثیت کی عکاسی نہیں کرتے۔

ii. تطابق کی حسابی ترکیب صرف بیلنس شیٹ میں انجام دی جاتی ہے۔

iii. تطابق کی حسابی ترکیب کا اندراج جو صرف تجارتی کھاتے میں کیا جاتا ہے وہ نفع ونقصان کھاتہ ہے۔

iv. تطابق ہمیشہ مستقبل سے متعلق ہوتا ہے۔





### II. خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

i. اختتامی اسٹاک بیلنس شیٹ کے............ جانب دکھایا جاتا ہے۔

ii. بقایا اخراجات بیلنس شیٹ کے............ جانب دکھایا جاتا ہے۔

iii. پیشگی اداشدہ اخراجات بیلنس شیٹ کے............ جانب دکھایا جاتا ہے۔

iv. فرسودگی بیلنس شیٹ کے............ جانب دکھائی جاتی ہے۔

v. اختتامی اسٹاک............ کے اثاثہ جانب دکھایا جاتا ہے۔

vi. قائم اثاثے کی قدر میں کمی جو ان کے استعمال کے سبب ہوتی ہے اسے...... کہا جاتا ہے۔

vii. تطابق کاروبار کی صحیح............ معلوم کرنے کے لیے انجام دیا جاتا ہے۔

viii. بقایا اجرت............ کے............ پر دکھائی جاتی ہے۔

ix. بقایا آفس کرایہ............ کے...... جانب اور بیلنس شیٹ کے...... جانب دکھایا جاتا ہے۔

x. حسابی سال کے............ کو معلوم کرنے کے لیے نفع ونقصان کھاتہ تیار کیا جاتا ہے۔

### III. کثیر انتخابی سوالات

i. جب بقایا اجرتوں کے لیے کوئی تطابق نہیں کیا جاتا تو مجموعی نفع کا تعین:

(a اصل سے زیادہ ہوگا

(b کوئی اثر نہیں ہوگا

(c اصل کے برابر ہوگا

(d کوئی اثر نہیں ہوگا

ii. پیشگی اداشدہ اخراجات، اخراجات ہیں:

(a پیشگی اداشدہ

(b بقایا اخراجات

(c رواں سال کے لیے واقع اخراجات

(d پچھلے سال کے لیے ادا اخراجات



نوٹس



.iii فرسودگی کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے:

a) تجارتی کھاتے میں

b) نفع ونقصان کھاتے میں

c) متعلقہ اثاثہ کھاتے میں

d) ان میں سے کوئی نہیں


.iv تطابق کی کسی مد کو دکھایا جاتا ہے۔

a) صرف تجارتی کھاتے میں

b) صرف نفع ونقصان کھاتے میں

c) صرف بیلنس شیٹ میں

d) تجارتی کھاتے میں یا نفع ونقصان کھاتے میں اور بیلنس شیٹ میں بھی



## آپ نے کیا سیکھا

- کاروبار کے درست نفع اور مالی حیثیت معلوم کرنے کے لیے مالیاتی گوشواروں کی تیاری کے وقت ضروری تطابق کیے جانے کی ضرورت ہوتی ہے۔
- اختتامی اسٹاک اشیا کا وہ اسٹاک ہے جو حسابی سال کے آخر میں غیر فروخت رہتا ہے تطابق تجارتی کھاتے اور بیلنس شیٹ میں انجام دیا جاتا ہے۔
- بقایا اخراجات وراں سال سے متعلق اخراجات ہیں لیکن رواں سال کے دوران ان کی ادائیگی نہیں ہوتی۔ تطابق تجارتی کھاتہ، نفع ونقصان کھاتہ اور بیلنس شیٹ میں انجام دیا تا ہے۔
- پیشگی اداشدہ اخراجات سے مراد وہ اخراجات ہیں جن کا تعلق مستقبل کے سال سے تعلق ہے۔ تطابق تجارتی کھاتا، نفع ونقصان کھاتہ اور بیلنس شیٹ میں انجام دیا جاتا ہے۔
- قائم اثاثوں پر فرسودگی سے مراد ان کے استعمال، گھسائی کے سبب قائم اثاثوں کی قدر میں کمی ہوتی ہے۔ تطابق نفع ونقصان کھاتہ اور بیلنس شیٹ میں کیا جاتا ہے۔



نوٹس

## اختتامی مشق

1. تطابق اندراج سے کیا مراد ہے؟

2. مالیاتی گوشواروں تطبیق اندراج کیا جانا کیوں ضروری ہے؟

3. مختصر نوٹ لکھیئے

   a) بقایہ اخراجات

   b) پیشگی اداشدہ اخراجات

4. درج ذیل تطابق اور مالیاتی گوشواروں میں ان کی ترکیب کی وضاحت کیجیے۔

   a) افتتاحی اسٹاک

   b) فرسودگی

5. میسرز سا کشی گارمنٹس کے درج ذیل ٹرائل بیلنس سے نفع ونقصان کھاتہ 31 مارچ 2012 کو ختم سال کے لیے اوراسی تاریخ کو بیلنس شیٹ کیجیے۔

| Cr. روپے | تفصیلات | Dr. (روپے) | تفصیلات |
|---|---|---|---|
| 65,000 | پونجی | 13,800 | اسٹاک (1.4.2011) |
| 74,000 | فروخت | 52,000 | خریداریاں |
| 1,500 | خرید واپسی | 4,000 | اجرتیں |
| 450 | ڈسکاؤنٹ | 2,400 | فروخت واپسی |
| 6,500 | لین داران | 24,500 | زمین وعمارت |
| 600 | سود | 5,250 | دین داران |
| 700 | کمیشن | 8,750 | نقدموجوداور بینک |
| 26,000 | بینک قرض | 2,200 | آفس کرایہ |
| | | 400 | ڈاک خرچ |
| | | 1,500 | بیمہ |



نوٹس

| | | | |
|---|---|---|---|
| مال کرایہ | 1,400 | | |
| ایندھن اور جلی | 2,450 | | |
| فرنیچر | 4,500 | | |
| موٹرکار | 12,000 | | |
| | **1,75,150** | | **1,75,150** |

**تطابق:**

i. 31.3.2012 کو اسٹاک 25,000 روپے

ii. فرنیچر پر فرسودگی کی کمی 10% اور پلانٹ و مشنری پر 20%

iii. 650 روپے کی بقایا اجرتیں اور بقایا کرایہ 200 روپے۔ پیشگی اداشدہ بیمہ 300 روپے۔

6. 31.3.2012 کو ختم سال کے لیے میسرز پنت کی درج ذیل تفصیلات سے 31.3.2012 کو تجارتی کھاتہ نفع ونقصان کھاتہ اور بیلنس شیٹ تیار کیجیے

| تفصیلات | روپے Dr. | تفصیلات | روپے Cr. |
|---|---|---|---|
| پونجی | 4,00,000 | تنخواہیں | 1,20,000 |
| افتتاحی اسٹاک | 85,000 | کرایہ اور ٹیکس | 40,000 |
| خریداریاں | 4,20,000 | ڈاک و ٹیلی گرام | 25,000 |
| لین داران | 75,000 | اداشدہ سود | 20,000 |
| دین داران | 1,20,000 | فرنیچر | 2,00,000 |
| فروخت | 8,10,000 | بیمہ | 1,00,000 |
| وصول ڈسکاؤنٹ | 18,000 | مال کرایہ | 20,000 |
| منظور ڈسکاؤنٹ | 16,000 | نقد موجود | 50,000 |
| خریدواپسی | 20,000 | نقد بینک | 47,000 |
| فروخت واپسی | 10,000 | موٹرکار | 50,000 |



نوٹس

تطابق:

1. 31.3.2012 کو اختتامی اسٹاک کی قدر 1,70,000 روپے
2. بقایا تنخواہیں 12,000 روپے
3. موٹر کار پر فرسودگی چارج 10%@ سالانہ

.7 میسرز بھانومتی کی درج ذیل معلومات سے آپ 31.3.12 کو تجارتی کھاتہ، نفع ونقصان کھاتہ اور بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

| (روپے) | تفصیلات | (روپے) | تفصیلات |
|---|---|---|---|
| 62,000 | 1.4.11 کو اسٹاک | 2,00,000 | پونجی |
| 1,40,000 | خریداریاں | 10,000 | حصولی |
| 2,30,000 | فروخت | 1,00,000 | پلانٹ ومشینری |
| 2,600 | خرید واپسی | 14,000 | تنخواہیں |
| 4,000 | فروخت واپسی | 2,000 | پرنٹنگ واسٹیشنری |
| 1,200 | مال کرایہ | 1,500 | منظور ڈسکاؤنٹ |
| 32,000 | نقد موجود | 25,000 | دین داران |
| 50,000 | نقد بینک | 40,000 | لین داران |
| 50,000 | زمین وعمارت | 3,000 | بیمہ |
| | | 600 | ڈاک خرچ |
| | | 2,600 | آفس کرایہ |

تطابق

| | |
|---|---|
| 31 مارچ 2012 کو بقایا اجرتیں | 2,500 روپے |
| بقایا تنخواہیں | 700 روپے |
| پیشگی اداشدہ بیمہ | 400 روپے |
| اختتامی اسٹاک | 44,000 روپے |



نوٹس

8. 31.3.2012 کو مسٹر ساحل کی بہیوں سے حاصل درج ذیل معلومات سے 31.3.12 کو ختم سال کے لیے تجارتی کھاتہ اور نفع ونقصان کھاتا جاری کریں اور 31.3.2012 کو بیلنس شیٹ بھی تیار کریں۔

| روپے | تفصیلات | روپے | تفصیلات |
|---|---|---|---|
| 1,62,000 | پونجی | 37,000 | افتتاحی اسٹاک |
| 1,60,000 | حصولی | 93,500 | خریداریاں |
| 1,600 | وصولی ڈسکاؤنٹ | 28,000 | اجرتیں |
| 43,000 | متفرق لین دار | 2,49,000 | فروخت |
| 30,000 | قرض | 11,000 | تنخواہیں |
| 37.300 | نقد موجود | 5,500 | کرایہ |
| 37,300 | نقد بینک | 2,700 | اداشدہ سود |
| 86,000 | دین داران | 2,400 | منظور ڈسکاؤنٹ |
| 21,400 | فرنیچر | 2,000 | ڈاک وٹیلی گرام |
| 20,000 | موٹر کار | 1,800 | پرنٹنگ واسٹیشنری |
| 60,000 | عمارت | 3200 | فروخت اخراجات |
| 16,000 | پرنٹ ومشینری | 5,500 | بیمہ قسط |

## تطابق

i. اختتامی اسٹاک بقدر 30,000 روپے

ii. فرسودگی

a) 5% سالانہ کی شرح سے عمارت

b) فرنیچر وفکچر 10% سالانہ

c) زمین وعمارت 15% سالانہ

d) موٹر کار 20% سالانہ

iii. بقایا کرایہ 1,500 روپے

iv. پیشگی اداشدہ بیمہ 300 روپے



نوٹس

## متن پر مبنی سوالات کے جوابات

**15.1** (i) اختتامی اسٹاک (ii) بقایا اخراجات

(iii) اختتامی اسٹاک (iv) تطابق

**15.2** (i) d (ii) c (iii) a (iv) b

**15.3 I.** (i) صحیح (ii) غلط (iii) غلط (iv) غلط

**II.** (i) اثاثہ (ii) واجبات (iii) اثاثہ (iv) ڈیبٹ

(v) بیلنس شیٹ (vi) فرسودگی (vii) مالیاتی حیثیت

(viii) واجبات جانب، بیلنس شیٹ

(ix) تجارتی A\c میں ڈیبٹ جانب، واجبات

(x) نفع یا نقصان کھاتہ

**III.** (i) a (ii) a (iii) a (iv) d

## آپ کے لیے سرگرمی

- یہ فرض کرتے ہوئے کہ آپ کے والد ایک کاروباری ہیں۔ ایک تنہا مالک کے طور پر ایک دوکان چلاتے ہیں اور اپنے خود کے کاروبار کے کھاتے رکھتے ہیں۔ اکاؤنٹنسی کے ایک طالب علم کی حیثیت سے آپ کو معلوم ہوا کہ اپنے کاروبار کے اختتامی کھاتے تیار کرتے وقت آپ کے والد نے تطبیقی اندراج نہیں کیا۔ آپ کو اپنے والد کے کھاتے کی کاروباری بہیوں میں ضروری تطبیقی اندراج کرنا ضروری ہے۔